# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: تعارف | |

**مقاصد:** نئی جماعت میں اپنا تعارف کروا سکیں۔

ساتھیوں کو جماعت میں خوش آمدید کہہ سکیں۔

اسکول اور کتاب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ مختلف رنگوں کے چارٹ پیپر، مارکرز، ٹیپ

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی السلام علیکم کہیں اور بچوں کی خیریت دریافت کریں۔
- انھیں جماعت میں خوش آمدید کہیں۔
- بچوں کو اپنا تعارف کروائیں۔
- انھیں بتائیں بتائیں کہ اس جماعت میں وہ اردو کے نہ صرف دل چسپ سبق پڑھیں گے بلکہ ان میں دی گئی معلومات بھی جانیں گے اور زبان کی مہارتوں سے بھی آشنا ہوں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو مختلف رنگوں کے چارٹ پیپر سے بنے کارڈ اور بلیک مارکر مہیا کریں۔
- کارڈز پر نام، پسندیدہ مضمون جیسی معلومات پوچھی گئی ہوں۔
- اس کے لیے انھیں ہدایت دیں کہ کارڈ پر پوچھے گئے سوالات حل کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے انھیں وقت دیں اور مقررہ وقت کے بعد انھیں اپنے اپنے کارڈ میز پر رکھی ٹوکری میں ڈالنے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد کوئی ایک کارڈ نکالیں اس پر درج نام کو بلند آواز سے پکاریں۔
- جس بچے کا نام پکارا جائے وہ جماعت کے سامنے آئے اور اپنا تعارف کروائے۔

جیسے میرا نام __________ ہے۔

میرا پسندیدہ مضمون __________ ہے۔

__________ میرا مشغلہ ہے۔

میں بڑا/بڑی ہو کر __________ بننا چاہوں گا/گی۔

- اس سرگرمی کے بعد متفرق بچوں سے ان کے ساتھ بیٹھے ساتھی کا نام اور اس کے بارے میں پوچھیں۔
- اس سرگرمی سے بچوں کی ایک دوسرے کے ناموں سے شناسائی ہو سکے گی اور تمام بچے ایک دوسرے کو جان لیں گے۔

- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہوں کو مختلف رنگوں کے چارٹ پیپر اور مار کر دیں۔
- ایک گروہ سے کہیں کہ وہ مل کر چارٹ پیپر پر کمرا جماعت کے ایسے اصول خوش خط لکھیں جن پر وہ سارا سال عمل کریں گے۔
- دوسرے گروہ سے کہیں کہ وہ باہمی مشاورت سے ایسی باتیں لکھیں جو وہ کمرا جماعت میں بالکل نہیں کریں گے۔
- اس دوران ان کی رہ نمائی کریں اور جہاں انھیں مدد کی ضرورت ہو ان کی مدد کریں۔
- سرگرمی کے اختتام پر دونوں گروہوں کے چارٹ پیپرز کو بورڈ پر چسپاں کریں اور بچوں کی ان اصولوں اور باتوں کی خواندگی کروائیں۔
- اور اس بات کا عہد کریں کہ وہ ان پر عمل پیرا ہوں گے۔

**اعادہ:** (5 منٹ) پیریڈ کے آخر میں بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نے ایک دوسرے کو جانا۔ مجھے اُمید ہے کہ ہم پورا سال اسی طرح ایک دوسرے کی عزت اور مدد کریں گے۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے پوچھیں کہ انھیں پہلا دن کیسا لگا؟

یہ جماعت پچھلی جماعت سے کس طرح مختلف ہے؟ اور کس حد تک انھیں پسند آئی؟

**گھر کا کام:** N/A

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کتاب کے پہلے صفحے پر بنی تصویر کے بارے میں بچوں سے بات چیت کریں۔
- ان سے پوچھیں یہ دنیا کس نے بنائی ہے؟ یہ پھل، پھول، سورج، چاند، ستارے، آسمان، پانی، ہوا، پہاڑ ان سب کا خالق کون ہے؟ کون ہے جس نے زمیں پر کہیں سبزے کی چادر پھیلائی تو کہیں ریتلے ٹیلے۔ کہیں زمین پر پہاڑ بنائے اور کہیں گھنے جنگلات۔
- ان سوالات کے بعد بچوں کو بتائیں کہ اس کائنات میں موجود ذرّے ذرّے کا خالق اللہ تعالیٰ ہے۔
- وہی ذات ہے جس نے ہمارے لیے بے شمار نعمتیں پیدا کی ہیں۔ ان نعمتوں کے لیے ہمیں اس کا شکر گزار ہونا چاہیے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی صفات اور اس کی تعریف بیان کی جائے، اسے حمد کہتے ہیں۔
- کتاب کا صفحہ نمبر 3 کھولیں اور 'تلفظ سیکھیں' میں دیے گئے الفاظ کی پرچیاں بنائیں۔
- اب بچوں کی جوڑیاں بنائیں اور ہر جوڑی کو ایک لفظ کی پرچی دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔
- جو بچہ درست تلفظ سے پڑھے اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں ان الفاظ کی لفظی دیوار بنائیں اور خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں اس کائنات کا خالق اور مالک صرف اللہ تعالیٰ ہے۔
- اللہ تعالیٰ نے کوئی بھی چیز بے مقصد نہیں بنائی بلکہ ہر چیز کو ایک خاص مقصد کے تحت بنایا گیا ہے۔
- حمد کی بلند خوانی پہلے نمونے کے طور پر خود کریں۔
- ہر مصرع درست تلفظ سے پڑھیں اور پڑھتے ہوئے تاثرات کا خاص خیال رکھیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- اب جماعت میں متفرق بچوں سے ایک ایک شعر پڑھوائیں اور دوسرے بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ دھیان سے سنیں۔
- جہاں بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آئے تو اس کی رہ نمائی کریں۔
- پڑھنے کے دوران کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔

| |
|---|
| • بلکہ ان کو تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور شعر مکمل ہونے پر اس کی اصلاح کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے 'حمد' کو پڑھنے کے بعد انھوں نے کیا سیکھا پوچھیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) حمد کی پڑھائی کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، نئے الفاظ پر مشتمل پرچیاں، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے کوئی سے پانچ بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنا کر ایک ٹوکری میں ڈالیں۔ ان بچوں کے نام لکھیں جن کی گزشتہ سبق میں دلچسپی کم ہو۔
- ایک بچے کو جماعت میں سے بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک پرچی نکال کر نام پڑھنے کو کہیں۔
- جس بچے کا نام آئے اس بچے سے حمد کے کسی بند کی پڑھائی کروائیں۔
- درست تلفظ ادا کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- بچوں کو بتائیں ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے اگر الفاظ کے درست معانی معلوم نہ ہوں تو ہمیں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔
- اس کے بعد بورڈ پر نئے الفاظ لکھیں اور ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- الفاظ کے معانی بچوں کو سمجھانے کے بعد الفاظ کی پرچیاں تیار کریں۔
- ہر لفظ کی دو پرچیاں تیار کریں جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کو تمام الفاظ کی پرچیاں دیں۔
- ان سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ان الفاظ کے معانی سمجھنے کی کوشش کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنالیں۔
- دونوں گروہوں کو باری باری الفاظ کے معانی بتانے کا موقع دیں۔
- اگر کوئی گروہ غلط معانی بتائے تو بھی اس جواب کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- جوابات بورڈ پر لکھنے کے بعد کانٹ چھانٹ شروع کریں۔
- بچوں کو پھر سے ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر صفحہ نمبر 4 کے نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھیں۔ متفرق بچوں کو بلائیں اور ان سے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ)ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

چراغ

سنوارنا

سنسار

وحدت

عظمت

بسانا

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کتاب اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ گتے کا ڈبا۔ سوالات اور جوابات کے کارڈز۔ سوالات کی پرچیاں

## تحریکی سر گرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- نظم سے متعلق سوالات اور جوابات کے الگ الگ کارڈز بنائیں اور انھیں بچوں میں تقسیم کریں۔
- اب بورڈ پر سوالات اور جوابات کے دو کالمز بنائیں۔
- جن بچوں کے پاس سوالات ہیں ان سے ہاتھ بلند کروائیں۔
- اور ہدایت دیں کہ وہ سوالات والے کالم کے پاس کھڑے ہوتے جائیں۔
- تمام سوالات مکمل کرنے کے بعد باری باری ان بچوں سے اپنے اپنے کارڈ پر لکھے سوال پڑھنے کو کہیں۔
- تمام بچے غور سے سوال سنیں اور جس بچے کے پاس اس کا درست جواب ہو وہ سوال کے اختتام پر اس بچے کے پاس جا کر کھڑا ہو جائے اور اپنا جواب پڑھے۔
- اسی طرح تمام سوالات کے جوابات کی خواندگی کروائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- ایک چوکور ڈبا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کرلیں اور اس کے اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بنالیں۔
- اب حمد کے سوالات کی پرچیاں ان کاغذ کی جیبوں میں ڈال دیں۔
- جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ڈبا میز پر گھمانے کے لیے کہیں۔
- گھمانے کے بعد جو جیب اوپر آئے اس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں۔
- اور بچہ اس سوال کا جواب دے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے کروائیں۔
- اب بورڈ پر ان سوالات کو لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- بچوں سے سوالات کی خواندگی کروائیں۔
- پھر ان کے جوابات پوچھیں۔
- سوالات کے جوابات ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ سوالات کے نیچے لکھیں اور ان کی بلند خوانی کرائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوالات کے جوابات اپنی کاپیوں پر لکھیں۔

| |
|---|
| • اس دوران بچوں کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہ نمائی کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو سوالات کے جوابات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جواب لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سوالات کی دہرائی کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** درست الفاظ کو مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔

کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ شیٹیں، مصروں پر مشتمل کاغذ کی پرچیاں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔
- دونوں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دیں۔
- شیٹ پر نظم 'حمد' سے متعلق ایک ایک سوال لکھا ہو۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دی گئی شیٹ پر لکھا ہوا سوال دوسرے گروہ کے بچوں سے پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی پھر دوسرے گروہ کے بچوں سے کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب دیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ نظم ''حمد'' سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار نظم 'حمد' کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی پرچیاں دیں جن پر لفظ لکھنے کی جگہ ہو اور ان کے نیچے ایک متعلقہ لفظ اور دوسرا غیر متعلقہ لفظ لکھا ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں پر لکھا ہوا مصرع پڑھیں۔
- درست الفاظ کا چناؤ کر کے مصرعے مکمل کریں۔
- اور اس مصرعے کا مفہوم اپنے گروہ میں ایک دوسرے کو بتائیں۔
- اس دوران بورڈ پر ان مصرعوں کو لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ایک مصرع پڑھیں۔
- متعلقہ مصرعے والا بچہ بورڈ پر آئے اور درست لفظ لگا کر مصرع مکمل کرے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں۔
- سوال نمبر 3 کی سرگرمی کروانے کے لیے کالم بورڈ پر لکھیں۔
- اس دوران میں بچوں کو حمد کی ایک بار پھر پڑھائی کروائیں۔

| |
|---|
| • کالم الف میں لکھے نامکمل مصرعے کی بلندی خوانی کریں اور متفرق بچوں کو بلا کر متعلقہ کالم ب سے ملانے کو کہیں۔<br>• سر گرمی کے اختتام پر درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں کوئی سے پانچ بچوں کو بلائیں اور مصرعے مکمل کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔ |

## ورک شیٹ

**کالم الف کو کالم ب سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔**

| | |
|---|---|
| زمیں پہ پھول | نے ہیں نکھارے |
| زمیں کی بستی | آسماں پہ تارے |
| اسی کی قدرت | کے گیت گاؤ |
| چراغ ایسے | بسائی ساری |
| خدا کی وحدت | جلائی کس نے |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو فہم سے پڑھ کر آپس میں بات چیت کر سکیں۔
اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں بات کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کلڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ گھنٹی، گیند، مختلف رنگوں کے بٹن، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو دائرے میں بٹھائیں۔
- ایک گیند بچے کو پکڑائیں خود گھنٹی بجانا شروع کریں۔
- بچے گیند ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کریں۔
- گیند جس بچے کے ہاتھ میں ہو گی وہ کتاب سے حمد کا پہلا مصرع درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھے گا۔
- پڑھائی کے دوران ہونے والی اغلاط کو بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- دوران پڑھائی بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے ان کی خوداعتمادی میں کمی آتی ہے اور وہ جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہیں۔
- اس طرح دوبارہ گھنٹی بجانا شروع کریں اور گیند بچے ایک دوسرے کو دیتے جائیں۔ تین سے چار بچوں کے ساتھ سرگرمی دہرانے کے بعد نظم کو ایک بار خود لے اور آہنگ سے پڑھیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کے بارے میں بات کریں گے۔
- اب ایک ٹوکری میں تین مختلف رنگوں کے بٹن ڈالیں۔
- یہ ٹوکری باری باری ہر بچے کے سامنے لے جائیں۔
- انھیں اس میں سے بٹن اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جن بچوں کے پاس ایک جیسے رنگ کے بٹن ہوں گے ان کا ایک گروہ بنا دیں۔
- اب ہر گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ارد گرد کا جائزہ لیں اور اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کے بارے میں بات چیت کریں۔

- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں بات کرتے ہوئے ان کے فائدے بھی ایک دوسرے کو بتائیں۔اور یہ بھی بتائیں کہ اگر یہ نعمتیں نہ ہوں تو کیا ہو۔
- بچوں کو وقت دیں۔
- اس دوران بورڈ پر اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی سرخی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری ایک یا دو بچوں کو بلائیں اور انھیں جماعت کے سامنے اس بات چیت سے حاصل ہونے والی معلومات کے بارے میں بتانے کو کہیں۔
- بچوں کے بتائے جانے والے جملوں کو ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بورڈ پر لکھے جانے والے جملوں کی کانٹ چھانٹ کریں۔
- اور بہترین جملوں کی بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔
- آخر میں بہترین کارکردگی کی دکھانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق جماعت میں مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) اللہ تعالیٰ کی کوئی سی پانچ نعمتوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔اور متفرق بچوں سے ہماری زندگی میں ان کے فوائد پوچھیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔